نسلی مساوات کے فروغ پر
موجودہ اور طے شدہ اقدامات

جدت طرازی و ٹیکنالوجی کمیشن

جدت طرازی و ٹیکنالوجی کمیشن (ITC) ایک ورلڈ کلاس، علمی بنیاد پر قائم معیشت بننے کے لیے ہانگ کانگ کے عزم کو مہمیز دیتا ہے۔

ITC تمام افراد عامہ کے لیے اپنی سروسز کی مساوی رسائی کو یقینی بنانا انتہائی اہم جانتا ہے، خواہ ان افراد کا نسلی پس منظر کوئی بھی ہو۔ حسب اطلاق، مختلف نسلوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی خصوصی ضروریات، جیسے کہ ان کی سروسز کی ضروریات کی تکمیل کے لیے اقدامات کیے جائیں گے۔ ہم اس بات کو یقینی بنانا بھی جاری رکھیں گے کہ عوام کو سروسز کی فراہمی نسلی امتیاز کے آرڈیننس کے مطابق ہو۔

متعلقہ سروسز	• ITC فی الحال بیشتر اسکیموں کا نظام چلا رہی ہے جوکہ اہل اداروں یا کمپنیوں کی جانب سے درخواست کے لیے کھلی ہیں، جیسے کہ جدت طرازی اور ٹیکنالوجی فنڈ اور ٹیکنالوجی ٹیلنٹ ایڈمیشن اسکیم کے تحت کوٹے کی درخواستیں۔
موجودہ اقدامات	• اگرچہ ہمارے پروگرامز کے درخواست گزار اداروں یا کمپنیوں تک محدود ہیں، تاہم ہماری سروسز نسلی لحاظ سے سب کے لیے مساوی ہیں اور یہ چینی اور انگریزی دونوں زبانوں میں مہیا کی جاتی ہیں۔
مستقبل کے کام کا تجزیہ	• ہم موجودہ اقدامات کے سختی کے ساتھ نفاذ کو جاری رکھیں گے، اور مختلف نسلوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی ضروریات کی تکمیل کو پیش نظر رکھتے ہوئے باقاعدگی سے اپنی سروس کی فراہمی کا تجزیہ کریں گے۔ مسلسل تجزیے اور سروس کی فراہمی میں بہتری لانے کے لیے، مختلف نسلوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی جانب سے سروسز کے استعمال کے حوالے سے ڈیٹا اور معلومات جمع کی جاتی ہیں۔ اس کے علاوہ، اپنے اسٹاف اور سروس استعمال کرنے والوں سے تاثرات / تجاویز وصول کی جاتی ہیں اور حسب موزونیت انہیں سروس میں بہتری لانے کے لیے زیر غور لایا جاتا ہے۔
کیے گئے / کیے جانے والے اضافی اقدامات	• مختلف نسلوں سے تعلق رکھنے والے افراد سے معاملات کرتے ہوئے، ہم اس بات کو یقینی بنانے کے لیے ضروری اقدامات اپنائیں گے کہ ہمارے کلائنٹس کے لیے معلومات قابل فہم شکل میں ہوں۔ حسب ضرورت اور حسب موزونیت ترجمے کی سروس کا انتظام کر دیا جائے گا۔ • تنوع اور شرکت عمل میں تربیت کا اہتمام کیا جا رہا ہے تاکہ اسٹاف کے نسلی مساوات سے آگاہی اور احساس میں اضافہ ہو۔

معلومات

- نسلی مساوات کے فروغ پر موجودہ اور طے شدہ اقدامات سے متعلق معلومات کے لیے، براہ کرم محترمہ جنت اے یو، ایگزیکٹیو آفیسر (جنرل) سے درج ذیل ذرائع سے رابطہ کریں

ٹیلیفون: 3855 7743
فیکس: 2730 4633
ای میل: enquiry@itc.gov.hk

جدت طرازی و ٹیکنالوجی کمیشن
مئی 2024